

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
الحمد للہ والمنۃ
کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منان تحفہ عجائب وھدیہ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ
مجموعہ صلوات الرسول
الجزء الثالث والعشرون ۲۳
فی دعواتہ بتوسل صلواتہ صلی اللہ علیہ وسلم
از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان
حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ھری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡـئَلُکَ بِدُعَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَبِشِفَآءِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی دُعا و شفاعت کے طفیل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَبِعَطَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شفاء کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عطا کے طفیل

وَبِعُظۡمَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَبِعُلَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عظمت کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بلندی

الرَّحِیۡمِ ۝ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِکِ

و برتری کے طفیل۔ تمام ثنائیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے غایت رحمت والا مہربان ہے۔ روزِ جزا کا

یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ

مالک ہے۔ اے ان صفات کمال والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ

الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۝ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ

راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام کیا نہ ان کی جن پر غضب کیا

عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝ اٰمِیۡنَ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی مِنَّتِہِ الۡعَظِیۡمِ وَ

گیا اور نہ گمراہوں کی آمین۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اس کے عظیم احسان پر اور

الصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہِ الۡکَرِیۡمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلواۃ ورحمت نازل ہو اس کے نبی کریم پر۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر

صَلٰوۃً تَقَبَّلُ بِہَا دُعَآئَنَا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

جس صلواۃ کے طفیل تو ہماری دُعا قبول فرمائے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جس رحمت وصلواۃ

تَسۡمَعُ بِہَا نِدَآئَنَا وَاسۡتِغَاثَتَنَا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

کے طفیل تو ہماری فریاد اور پکار سنے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل

تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنَ الذُّنُوبِ وَالسَّيِّئَاتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہماری تطہیر فرمائے کبیرہ وصغیرہ گناہوں سے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر
صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا أَعْلَى الْمَقَامَاتِ وَالدَّرَجَاتِ وَصَلِّ عَلٰى
جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بلندی بخشے بلند تر مقامات اور درجات پر۔ اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَقِيْنَا بِهَا مِنَ الْخَوْفِ وَالرَّدٰى وَصَلِّ عَلٰى
سیدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بچائے خوف اور ہلاکت سے اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ شَمَاتَةِ الْأَعْدَآءِ
سیدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں پناہ دے دشمنوں کی فرحت و شادبانی سے۔
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْشُرُنَا بِهَا مَعَ
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس کے طفیل ہمیں اٹھائے
النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَصَلِّ عَلٰى
انبیاء۔ صدیقین اور شہداء کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْفِيْ لَنَا بِهَا أَمْرَاضَنَا وَصَلِّ
سیدنا محمدؐ پر کہ جس کے طفیل شفا دے ہماری بیماریوں میں۔ اور صلواۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَوِّرُ بِهَا أَبْصَارَنَا وَصَلِّ عَلٰى
فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جس کے طفیل روشن فرمائے ہماری آنکھوں کو اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتُرُ بِهَا عَوْرَاتِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
سیدنا محمدؐ پر کہ جس کے طفیل ڈھانپے ہماری شرمگاہوں کو اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا فِيْ أَهْلِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَصَلِّ عَلٰى
محمدؐ پر جس کے طفیل ہمیں حفاظت بخشے ہمارے اہل و عیال میں۔ اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَتُوْبُ بِهَا عَلَيْنَا يَا تَوَّابُ وَصَلِّ عَلٰى
سیدنا محمدؐ پر جس کے طفیل ہم پر نظر عنایت فرمائے اے نظرعنایت فرمانے والے۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهَبُ لَنَا بِهَا رَحْمَةً مِّنْ لَّدُنْكَ إِنَّكَ
سیدنا محمدؐ پر جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے اپنے پاس سے مخصوص رحمت۔ بیشک توہی
أَنْتَ الْوَهَّابُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْمَعُ لَدَيْكَ
عطا کرنے والا ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ تیرے نزدیک مقبول ہو
وَتُرْفَعُ إِلَيْكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهَبُ لَنَا قُرَّةَ
اور تیری بارگاہ تک پہنچائی جانے والی ہو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ عطا فرمائے بطفیل اس کے آنکھوں کی
عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا
ٹھنڈک جو کبھی ختم نہ ہو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس کے بچائے ہمیں
مِنَ الْجُبْنِ وَالْكَسَلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا
بزدلی اور سستی سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس کے بچائے
بِهَا مِنَ الْغَمِّ وَالْهَمِّ وَالْخَطَلِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہمیں غم و اندوہ اور ناتوانی سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر
صَلٰوةً تُسَلِّمُ بِهَا إِيْمَانَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
کہ بطفیل اس کے سالم رکھے ہمارے ایمان کو اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس
تُقَوِّيْ بِهَا إِيْقَانَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا
کے مضبوط و قوی کرے ہمارے یقین کو اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس کے ہمیں محفوظ فرمائے
بِهَا مِنِ اكْتِسَابِ السَّيِّئَاتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
بُرے اعمال کمانے سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس صلواۃ
تُوَفِّقُنَا بِهَا لِعَمَلِ الصَّالِحَاتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کے ہمیں توفیق دے نیک اعمال کی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر
صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ وَ
کہ بطفیل اس کے پناہ دے ہمیں قرض کے غلبہ سے اور لوگوں کے قہر اور ظلم سے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے پناہ دے ہمیں دجّال کے فتنہ سے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْفِيْ لَنَا بِهَا مَرْضَانَا وَصَلِّ

اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے شفا دے ہمارے مریضوں کو اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُ لَنَا بِهَا ثَارَنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا

فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے ہمارا بدلہ و انتقام لے ہمارے اعداء سے ۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسَدِّدُ لَنَا بِهَا اللِّسَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے درست کرے ہماری زبان کو اور صلواۃ نازل فرما

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَوِّيْ لَنَا بِهَا يَقِيْنَ الْجَنَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے مضبوط کرے ہمارے قلبی یقین کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ پناہ دے بطفیل اس کے گناہ اور قرض سے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ جَهَنَّمَ وَ

محمد پر کہ بچائے بطفیل اس کے ہمیں قبر کے فتنہ اور جہنم کے عذاب سے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْفِيْ لَنَا بِهَا الصُّدُوْرَ وَصَلِّ

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے شفا دے ہمارے سینوں کو اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ دَعْوَى الْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ

سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے بچائے ہمیں (روز قیامت) ہلاکت اور تباہی کی طلب سے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَ

اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے نجات دے ہمیں بڑی گھبراہٹ (قیامت) سے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَغْفِرُ لَنَا بِهَا ذُنُوْبَنَا مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا

صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس صلواۃ کے بخشے ہمارے پہلے اور

وَمَا تَاَخَّرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَفِّسُ بِهَا كُرُبَتَنَا

پچھلے گناہ ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے دور فرمائے ہماری تنگی کو

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُؤْنِسُ بِهَا وَحْشَتَنَا وَصَلِّ

اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے تبدیل فرمائے ہماری وحشت کو انس کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفْلِحُ بِهَا عَمَّا يُرْدِيْنَا وَصَلِّ عَلٰى

فرما سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے ہمیں فلاح و کامیابی بخشے ہلاکتوں سے اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْتُبُ بِهَا مَا يُنْجِيْنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیّدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے لازم فرمائے ہمارے اسباب نجات کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُجَنِّبُ بِهَا عَنَّا الشَّرَّ كُلَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ بطفیل اس کے دور فرمائے ہم سے ہر قسم کا شر اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ بطفیل اس کے عطا کرے ہمیں ہر قسم کی خیر اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَسِّنُ بِهَا اَخْلَاقَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد پر کہ بطفیل اس کے حسین بنائے ہمارے اخلاق کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر

صَلٰوةً تُصْلِحُ بِهَا اَحْوَالَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

کہ بطفیل اس کے اصلاح فرمائے ہمارے احوال کی اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جس صلواۃ کے

تَعْصِمُنَا بِهَا عَنِ الْمَعْصِيَةِ وَالْغَوَايَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

طفیل محفوظ فرمائے ہمیں نافرمانی اور بے راہ روی سے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا اِتِّبَاعَ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَصَلِّ

محمد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے سنّت رسول اور جماعت صحابہ کی پیروی اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبْعِدُنَا بِهَا مِنْ اِقْتِرَانِ الْاٰفَاتِ وَ

فرما سیّدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل دور فرمائے ہمیں آفات کے قربت سے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكْلَئُنَا بِهَا عَنِ الزَّلَّاتِ وَالْهَفَوَاتِ
صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل ہماری نگرانی فرمائے لغزشوں اور غلطیوں سے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْصِلُ بِهَا آمَالَنَا وَصَلِّ
اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل مہیا کرے ہماری امیدیں اور تمنائیں اور صلوٰاۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَخْلِصُ بِهَا لَكَ اَعْمَالَنَا وَصَلِّ
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل خالص کرے اپنے لیے ہمارے اعمال کو اور صلوٰاۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُ بِهَا التَّقْوٰى زَادَنَا وَصَلِّ عَلٰى
فرما سیّدنا محمدؐ پر کہ بطفیل اس کے بنائے تقویٰ کو ہمارا زادراہ اور صلوٰاۃ نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَزِيْدُ بِهَا فِيْ دِيْنِكَ اِجْتِهَادَنَا وَصَلِّ
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل زیادہ فرمائے اپنے دین میں ہماری سعی اور کوشش کو اور صلوٰاۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا عِزًّا وَّاِكْرَامًا وَصَلِّ عَلٰى
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل عطا فرمائے ہمیں عزت اور بزرگی اور صلوٰاۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُنَا بِهَا مِنْ عِبَادِكَ الَّذِيْنَ اِذَا مَرُّوْا
سیّدنا محمدؐ پر جس کے طفیل ہمیں بنائے ان کامل بندوں سے جو اگر گزریں لغو اور

بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُنَا بِهَا مِنْ
بیہودہ امور کے پاس سے تو گزرے ہیں باوقار انداز سے اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل بنا دے ہمیں

عِبَادِكَ الَّذِيْنَ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا وَصَلِّ
ان بندگانِ خاص سے کہ جن سے جاہل مخاطب ہوں تو وہ کہتے ہیں ہمارا تمہیں سلام ہو۔ اور صلوٰاۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ طُرُقِ الْمَهَالِكِ وَ
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے ہلاکت کی راہوں سے اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ سُوْٓءِ الْمَسَالِكِ
صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل ہمیں بچائے برُے راستوں سے

وَرَوْعَةِ الْمَهَالِكِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا
اور ہلاکتوں کے خوف و اندیشہ سے اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل ہمیں محفوظ فرمائے

بِهَا عَمَّا يَشْغَلُنَا عَنْكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اپنی ذات سے غافل کرنے والی چیزوں سے اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل

تُوَفِّقُنَا بِهَا لِمَا تُقَرِّبُنَا مِنْكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
توفیق بخشے ایسے اعمال کی جو تیرے قریب کریں اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے

تَجْعَلُ بِهَا سَعْيَنَا مَشْكُوْرًا وَعَمَلَنَا مَقْبُوْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
طفیل بنائے ہماری سعی اور کوشش شکر و جزاء کے قابل اور ہمارے اعمال مقبول۔ اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا عِزًّا وَّقَبُوْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل ہمیں عزت و قبولیت عطا فرمائے اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

صَلٰوةً تَقْطَعُ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِحْتِيَاجَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
جس صلوٰاۃ کے طفیل ختم فرمائے اپنے ماسوا سے ہماری محتاجی اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ بِهَا بِنَعْمَآئِكَ اِبْتِهَاجَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محمدؐ پر جس صلوٰاۃ کے طفیل دائمی بنائے اپنی نعمتوں کے ساتھ ہماری خوشی اور مسرت اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِنَا وَكِيْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلوٰاۃ کے طفیل تمام امور میں تو ہمارا کارساز ہو۔ اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا لِقَضَآءِ حَوَآئِجِنَا كَفِيْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلوٰاۃ کے طفیل تو ہو ہماری حاجت روائی میں کفیل و ضامن اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ سُوْٓءِ الصَّنِيْعِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
جس صلوٰاۃ کے طفیل تو بچائے ہمیں بری کاروائی سے۔ اور صلوٰاۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلوٰاۃ

تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
کے طفیل ہمیں بچائے بھوک سے کیونکہ وہ بری مصاحب ہے۔ اور صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُطَهِّرُ لَنَا بِهَا الْفُرُوْجَ مِنَ الزِّنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل پاک فرمائے ہماری شرمگاہوں کو زنا سے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر
صَلٰوۃً تُنِيْلُنَا بِهَا الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلواۃ کے طفیل عطا کرے ہمیں تقویٰ و ہدایت اور عفو و درگزر ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر
صَلٰوۃً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ قَرِيْنِ السُّوْءِ وَصَاحِبِ الْغَفْلَةِ وَصَلِّ
جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بچائے برے ساتھیوں اور غافلوں سے ۔ اور صلواۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ وَصَلِّ عَلٰى
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل بچائے ہمیں ذلت اور قلت سے اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُطَهِّرُنَا بِهَا اَلْسِنَتَنَا مِنَ الْكِذْبِ وَصَلِّ عَلٰى
سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل پاک فرمائے ہماری زبانوں کو جھوٹ سے اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُبَاعِدُنَا بِهَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَطَايَانَا كَمَا بَاعَدْتَّ
سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل دوری پیدا فرمائے ہمارے درمیان اور گناہوں کے درمیان جیسے دوری پیدا فرمائی تو نے
بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِيْذُنَا بِهَا
مشرق اور مغرب کے درمیان اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل پناہ دے ہمیں
مِنْ ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَفِتْنَتِهٖ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ
قبر کی تاریکی اور امتحان سے اور ہر اس شئے کے شر سے کہ جس کی پیشانی کو تو اپنے دست قدرت میں لیے ہوئے
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُقَوِّيْنَا بِهَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَتُدْخِلُنَا
ہے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں اپنی اطاعت کی توفیق دے اور داخل فرمائے ہمیں
بِهَا فِيْ حِفْظِ عِنَايَتِكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِزُّنَا بِهَا
اپنی عنایت کی پناہ میں اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل عزت بخشے ہمیں
عِزًّا لَّا ذُلَّ مَعَهٗ وَتَرْزُقُنَا بِهَا رِزْقًا بَسْطًا فِي الْاَنَامِ وَسَعَةً وَصَلِّ
ایسی کامل عزت کہ جس کے ساتھ ذلت اور خواری بالکل نہ ہو اور رزق عطا فرمائے ہمیں بطفیل اس کے وسیع اور فراخ اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَدْفَعُ بِهَا عَنَّا مَشِيَّةَ مَنْ رَّامَنَا
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس کے طفیل دور فرمائے ہم سے برا قصد اور ارادہ لوگوں کا ساتھ اپنی مشیت غالبہ کے
بِمَشِيَّتِكَ وَتُخْرِجُنَا بِهَا مِنَ الدُّنْيَا اِلٰى سَعَةِ رَحْمَتِكَ وَصَلِّ
اور نکالے ہمیں اس کے طفیل دُنیا سے اپنی وسیع رحمت کی طرف اور صلواۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَايَا وَتَمْنَحُنَا
فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بچائے تمامتر بلیات سے اور عطا فرمائے ہمیں
بِهَا جَزِيْلَ الْعَطَايَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا بِهَا
عظیم عطیات اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عطا فرمائے
عَيْشَ الرَّغَدَآءِ وَتَمْنَحُنَا بِهَا عَيْشَ السُّعَدَآءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
خوشگوار گذران اور بخشے اس کے طفیل سعادت مندوں والی زندگانی اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُسَهِّلُ بِهَا عَلَيْنَا جَمِيْعَ الْاُمُوْرِ وَتُدِيْمُ بِهَا عَلَيْنَا بَرْدَ
محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل آسان فرمائے ہم پر تمام امور اور دائم رکھے ہم پر بطفیل اس کے خوشگوار
الْعَيْشِ وَالسُّرُوْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُبَارِكُ بِهَا فِيْمَآ
زندگانی اور سرور ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل برکت دے اس میں جو
اَعْطَيْتَنَا وَتَمْنَحُنَا بِهَا الرِّضَا بِمَآ اٰتَيْتَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہمیں عطا فرمایا اور بخشے ہمیں بطفیل اس کے رضامندی ساتھ اس کے جو دیا ہے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر
صَلٰوۃً تُزَكِّيْ بِهَا عَنِ الْهَوٰى نُفُوْسَنَا وَتُطَهِّرُنَا بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ
جس صلواۃ کے طفیل پاک فرمائے خواہش سے ہمارے نفوس کو اور پاک فرمائے بطفیل اس کے سینے ماسوا سے
قُلُوْبَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُصَغِّرُ بِهَا الدُّنْيَا فِيْ
ہمارے قلوب کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل حقیر بنا دے دُنیا کو
عُيُوْنِنَا وَتُعَظِّمُ بِهَا جَلَالَكَ فِيْ قُلُوْبِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
ہماری نظروں میں اور عظیم بنا دے اپنے جلال کو ہمارے دلوں میں ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْنَا بِهَا بِقَضَائِكَ وَتُوْزِعُنَا بِهَا شُكْرَ
محمد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں راضی کرے ساتھ اپنی قضا کے اور توفیق بخشے اپنی نعمتوں کے
نَعْمَائِكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَحِّحُ بِهَا تَوَكُّلَنَا وَ
شکر کی ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل درست فرمائے ہمارا توکل اور
اِعْتِمَادَنَا عَلَيْكَ وَتُحَقِّقُ بِهَا وُثُوْقَنَا وَالْتِجَاءَنَا اِلَيْكَ وَصَلِّ
اعتماد اپنی ذات پر اور ثابت فرمائے ہمارے وثوق اور التجاء کو طرف اپنی ذات کے اور صلواۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ وَتُنْقِذُنَا
فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں نجات دے گمراہ کن فتنوں سے اور بچائے خواری
بِهَا مِنَ الْهَوَانِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا
سے خفیہ اور علانیہ حالت میں ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں
بِهَا حِفْظَ كِتَابِكَ وَتَقِيْنَا بِهَا شَرَّ عِقَابِكَ وَاَلِيْمَ عَذَابِكَ وَصَلِّ
نصیب فرمائے کتاب کے حفظ (کی توفیق) اور بچائے بسبب اس کے اپنے برے عقاب اور دردناک عذاب سے ۔ اور صلواۃ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَهْدِيْنَا بِهَا لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ
نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں ہدایت بخشے اختلافی امور میں حق کی
وَتُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ جَمِيْعِ الْخَلْقِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور بچائے تمام مخلوق کے شر سے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
صَلٰوةً تَقِيْنَا بِهَا شَرَّ الْاَعْدَاءِ وَتُجَلِّيْ بِهَا عَنَّا الصَّدَا وَتَرْحَمُنَا
جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بچائے اعداء کے شر سے اور دور کرے ہمارے (قلوب سے) زنگ کو اور رحم فرمائے ہم پر
بِهَا بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَجِّلُ
بطفیل اس کے ہمیشہ کے لیے گناہوں کے ترک کے ساتھ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل جلدی
لَنَا بِهَا عَافِيَتَكَ وَتُعَرِّفُ بِهَا قُلُوْبَنَا اِلٰى مَعْرِفَتِكَ وَطَاعَتِكَ وَصَلِّ
عطا کرے ہمیں عافیت اور رہنمائی فرمائے ہمارے قلوب کی اپنے معرفت و اطاعت کی طرف اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا وَتَجْبُرُ بِهَا
سیدنا محمد پر جو صلواۃ تجھے راضی کرے اور انھیں راضی کرے اور راضی ہو تو بطفیل اس کے ہم سے اور پورا کرے
مَا فَاتَ مِنَّا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْعُجْبِ وَ
ہماری کمی اور کوتاہی کو ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل پناہ دے ہمیں تکبّر اور
الرِّيَاءِ وَتَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الْحَسَدِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ریاکاری سے اور محفوظ فرمائے حسد اور تکبر سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ
صَلٰوةً تُكَسِّرُ بِهَا شَهَوَاتِنَا وَتُصْلِحُ بِهَا عَادَاتِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
کے طفیل توڑ دے ہماری خواہشات نفس کو اور اصلاح فرمائے ہماری عادات کی اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَرِّفُ بِهَا عَنِ الدُّنْيَا وَلَذَّاتِهَا قُلُوْبَنَا وَتَجْمَعُ بِهَا فِي
پر جس کے طفیل پھیر دے دنیا اور اس کی لذتوں سے ہمارے قلوب کو اور مجتمع فرمائے اپنے
الْاِشْتِيَاقِ اِلَيْكَ هُمُوْمَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْحِشُنَا
اشتیاق میں ہمارے عزائم اور ارادوں کو ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل متنفر کر دے
بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ وَتُؤْنِسُنَا بِهَا بِقُرْبِكَ وَوَلَائِكَ وَصَلِّ عَلٰى
ہمیں اپنے ماسوا سے اور مانوس فرمائے ہمیں اپنی قربت اور دوستی کے ساتھ اور صلواۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقِرُّ بِهَا فِيْ مُنَاجَاتِكَ عُيُوْنَنَا وَتُحَسِّنُ بِهَا
سیدنا محمد پر جس کے طفیل ٹھنڈا کرے اپنی مناجات میں ہماری آنکھیں اور اچھا کرے اپنے ساتھ
بِكَ ظُنُوْنَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْرَحُ بِهَا بِمَعْرِفَتِكَ
ہمارے گمانوں کو اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل کشادہ فرمائے اپنی معرفت کے ساتھ
صُدُوْرَنَا وَتُدِيْمُ بِهَا فِيْ ذِكْرِكَ وَفِكْرِكَ سُرُوْرَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
ہمارے سینوں کو اور دائمی بنا دے اپنے ذکر و فکر میں ہمارے سرور کو ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُنَا بِهَا مَنْزِلَتَنَا وَمَكَانَنَا لَدَيْكَ وَتُحِلُّنَا بِهَا مَنَازِلَ
محمد پر جس کے طفیل بلند فرمائے اپنے ہاں ہمارے مقام و منزلت کو اور اتارے بطفیل اس کے ہمیں اپنی طرف

السَّارِيْنَ اِلَيْكَ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَحِقُّ بِهَا فِيْ
چلنے والوں کی منازل ہیں اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس صلواۃ کے طفیل ثابت و پائیدار کرے

اِرَادَتِكَ اٰمَالَنَا وَتَمْحَقُ بِهَا فِيْٓ اَفْعَالِكَ اَفْعَالَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اپنے ارادہ میں ہماری امیدوں کو اور فنا کردے اپنے افعال میں ہمارے افعال کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَفْنِيْ بِهَا فِيْ صِفَاتِكَ صِفَاتِنَا وَتَمْحُوْ بِهَا فِيْ ذَاتِكَ
محمّد پر جس کے طفیل فنا کرے اپنی صفات میں ہماری صفات کو اور محو کر دے ہماری ذاتوں کو اپنی ذات

ذَوَاتِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ بِهَآ اِلَيْكَ لِقَآئَنَا وَ
میں ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس صلواۃ کے طفیل یقینی بنائے ہماری اپنے ساتھ ملاقات کو اور

تُدِيْمُ بِهَا بِتَوَاتُرِ اَنْوَارِكَ صَفَآءَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
دائمی بنائے بطفیل اس کے اپنے انوار کے تسلسل سے ہماری صفاءِ باطن کو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس صلواۃ

تَخْتِمُ لَنَا بِهَا بِخَيْرِ اَعْمَالِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
کے طفیل ہمارا خاتمہ اچھے اعمال پر کرے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس صلواۃ کے طفیل

تُذْهِبُ بِهَا عَنَّا غَيْظَ قُلُوْبِنَا وَتَكْفِيْنَا بِهَا شَرَّ الْاَنَامِ وَتَعْصِمُنَا
دور فرمائے ہمارے قلوب کا غیظ و غضب اور کفایت فرمائے ہمیں مخلوق کے شر سے اور محفوظ فرمائے ہمیں

بِهَا مِنَ الْغَيِّ وَالْاٰثَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُذِيْقُنَا بِهَا
گمراہی اور گناہوں سے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں چکھائے

بَرْدَ عَفْوِكَ وَتَرْزُقُنَا بِهَا حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنَا حُبُّهٗ عِنْدَكَ
اپنی عفو کی ٹھنڈک اور عطا کرے ہمیں اپنی محبّت اور ہر اس شخص کی محبّت جس کی محبّت نفع دے ہمیں تیرے ہاں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا عَنْ فِعْلِ كُلِّ مُبْتَدِعٍ
اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس کے طفیل ہمیں بچائے ہر بدعتی کے فعل سے

وَتَرْزُقُنَا بِهَا نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَصَلِّ عَلٰى
اور عطا کرے بطفیل اس کے نہ ختم ہونے والی نعمتیں اور نہ منقطع ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا حُسْنَ الظَّنِّ فِيْمَا يُرْضِيْكَ
سیّدنا محمّد پر جس کے طفیل عطا فرمائے ہمیں حسن ظن ان امور میں جو تجھے راضی کریں اور الہام

وَتُلْهِمُنَا بِهَا لِكُلِّ عَمَلٍ صَالِحٍ يَنْفَعُنَا بَيْنَ يَدَيْكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
فرمائے ہمیں ہر نیک عمل کا جو ہمیں نفع دے تیرے حضور ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا بِهَا ظِلًّا ظَلِيْلًا وَّتَسْتُرُنَا بِهَا سِتْرًا جَمِيْلًا وَّ
محمّد پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں داخل فرمائے (جنت کے) گھنے سایوں میں اور چھپائے ہمیں اچھے انداز میں اور

تَحْمِيْنَا بِهَا مِنَ الْاَشْرَارِ وَتَكْفِيْنَا بِهَا شَرَّ مَا يَاْتِيْ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ
نگاہ رکھے ہمیں شریروں سے اور کفایت فرمائے ہمیں شب و روز کے لائے ہوئے شر سے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْلِكُنَا بِهَا مَسْلَكَ اَوْلِيَآئِكَ وَتُرْوِيْنَا
اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس کے طفیل ہمیں چلائے اولیاء کے مسلک پر اور سیراب فرمائے

بِهَا مِنْ شَرَابِ اَصْفِيَآئِكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْصِلُنَا
ہمیں اپنے اصفیاء کی شراب سے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جس کے طفیل ہمیں اپنے تک واصل

بِهَآ اِلَيْكَ وَتُدِيْمُ بِهَا حُضُوْرَنَآ اِلَيْكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فرمائے اور دائمی بنادے اپنے حضور ہماری حاضری ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر

صَلٰوةً تُهَوِّنُ بِهَا عَلَيْنَا سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَغَمَرَاتِهٖ وَتُجِيْرُنَا بِهَا
جس صلواۃ کے طفیل آسان فرمائے ہم پر موت کی شدتیں اور سختیاں اور بچائے ہمیں بطفیل اس کے

مِنْ وَّحْشَةِ الْقَبْرِ وَكُرْبَتِهٖ وَتَمْلَاُ بِهَا قُبُوْرَنَا بِاَنْوَارِ الرَّحْمَةِ وَ
قبر کی وحشت اور تنگی سے اور بھر دے بطفیل اس کے ہماری قبروں کو انوار رحمت کے ساتھ اور

تَجْعَلُ بِهَا قَبْرَنَا رَوْضَةً مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
بنادے بطفیل اس کے ہماری قبروں کو جنت کے باغیچے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْشُرُنَا بِهَا مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَتَبْعَثُنَا بِهَا
محمّد پر جس کے طفیل ہمیں اٹھائے بروز قیامت انبیاء و صدیقین کے ساتھ اور اٹھائے ہمیں

مَعَ الشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَتَمْنَحُنَا بِهَا قُرْبَهُ وَشَفَاعَتَهُ وَتُفِيْضُ
شہداء اور صالحین کے ساتھ اور عطا فرمائے ہمیں نبی اکرم کا قرب اور شفاعت اور جاری فرمائے ہم پر
بِهَا عَلَيْنَا بَرَكَتَهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا بِهَا الْمُنَا
ان کی برکت ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل ہمیں پہنچائے آرزوں تک
وَتَرْزُقُنَا بِهَا الْقَصْدَ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَتُنِيْلُنَا بِهَا فِعْلَ الْخَيْرَاتِ
اور عطا فرمائے میانہ روی فقر اور غنا ہیں اور میسّر فرمائے ہمیں بطفیل اس کے نیکیاں کرنا
وَتُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ فِعْلِ السَّيِّاٰتِ وَالْمُنْكَرَاتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور بچائے بطفیل اس کے برائیوں اور گناہوں کے فعل سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَتَشْمُلُنَا بِهَا
محمد پر کہ محفوظ فرمائے بطفیل اس کے قیامت کے دن کی ہر شدت سے اور احاطہ فرمائے اس کے
يَوْمَ الْجَزَآءِ بِالرَّحْمَةِ وَالْكَرَامَةِ وَتُثَقِّلُ بِهَا مِيْزَانَنَا وَتُثَبِّتُ بِهَا
قیامت کے دن ساتھ رحمت اور کرم کے اور وزنی فرمائے ہمارے میزان کو اور ثابت رکھے بطفیل اس کے
عَلَى الصِّرَاطِ اَقْدَامَنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا عَنِ
پل صراط پر ہمارے اقدام کو ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ بطفیل اس کے بچائے ہمیں
الْحَمِيْمِ وَالْجَحِيْمِ وَتَرْزُقُنَا بِهَا النَّعِيْمَ وَتُشْبِعُ بِهَا مِنَّا جُوْعَاتِنَا وَ
دوزخ کے گرم پانی سے اور دوزخ سے ۔ اور عطا فرمائے ہمیں نعمتیں اور سیر فرمائے بطفیل اس کے ہماری بھوکوں کو
تُنَفِّسُ بِهَا عَنَّا كُرُبَاتِنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزِيْلُ بِهَا
اور دور کرے ہم سے ہماری شدتوں اور سختیوں کو ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل زائل کرے
عَنَّا مَكْرَ الْمَاكِرِيْنَ وَتُزَيِّنُنَا بِهَا بِزِيْنَةِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُعَلِّمُنَا بِهَا مَا
ہم سے اہل مکر کا مکر اور مزین فرمائے ہمیں اہل تقوٰی کی زینت کے ساتھ اور سکھائے بطفیل اس کے
جَهِلْنَا وَتُلْهِمُنَا بِهَا مَا يَنْفَعُنَا وَتَدْفَعُ عَنَّا مَا يَضُرُّنَا وَتُغِيْثُنَا بِهَا
جس سے ہم جاہل ہیں اور الہام فرمائے اس کا جو ہمیں نفع دے ۔ اور دور فرمائے جو ہمیں ضرر دے اور عطا فرمائے ہمیں

غَيْثًا نَّافِعًا وَتَمْنَحُنَا بِهَا عَفْوًا وَّاسِعًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
نفع رساں بارش اور عطا فرمائے وسیع عفو و درگزر ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ
تَرْفَعُ لَنَا بِهَا الْاَعْمَالَ وَنَرْجُوْ بِهَا الشَّفَاعَةَ اِذَا انْقَطَعَتِ الْاٰمَالُ
کے طفیل بلند فرمائے ہمارے اعمال اور امید رکھیں ہم شفاعت کی جب کہ منقطع ہو جائیں امیدیں
وَتَمْنَحُنَا بِهَا الْيُسْرٰى وَتَدْفَعُ بِهَا عَنَّا الْبَاْسَآءَ وَالضَّرَّآءَ وَتَحْفَظُنَا
اور بخشے ہیں بطفیل اس کے سہولت اور دور کرے ہم سے شدت اور ضرر اور محفوظ فرمائے ہمیں
بِهَا مِنَ الْهَجِسِ وَالْهَوَسِ وَتُنَقِّيْ بِهَا عَنَّا خَطَايَانَا كَمَا يُنَقَّى
بطفیل اس کے برے خیالات اور حرص و ہوا سے اور دور فرمائے ہم سے ہمارے گناہ جیسے پاک کیا جاتا ہے
الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
سفید کپڑا میں کچیل سے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کے طفیل
تَرْزُقُنَا بِهَا الْقَنَاعَةَ وَتُعِزُّنَا بِهَا عِزَّ الطَّاعَةِ وَتَرْحَمُنَا بِهَا فِيْمَنْ
ہمیں قناعت عطا کرے اور اطاعت گزاری کی عزت سے سرفراز فرمائے اور رحم فرمائے ہم پر
تَرْحَمُ وَتَتَجَاوَزُ بِهَا عَمَّا تَعْلَمُ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا بَلَاغًا حَسَنًا وَتُنَوِّرُ
رحمت کے حقداروں میں اور درگزر فرمائے ہمارے (گناہوں سے) جو تیرے علم میں ہیں اور پہنچائے ہمیں اچھے مقام پر اور
بِهَا مِنَّا الْقُلُوْبَ سِرًّا وَّعَلَنًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
منور فرمائے بطفیل اس کے ہمارے قلوب کو خفیہ اور علانیہ طور پر اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس صلواۃ کے طفیل
تُدْخِلُنَا بِهَا جَنَّةَ النَّعِيْمِ بِلَا حِسَابٍ وَتُبِيْحُ لَنَا بِهَا النَّظَرَ اِلٰى
ہمیں داخل فرمائے جنت نعیم میں بغیر حساب کے اور مباح فرمائے ہمارے لیے نظر طرف اپنی ذات
وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مَعَ الْاَحْبَابِ اَللّٰهُمَّ اَرْشِدْنَا السِّرَّ الْخَفِيَّ مِنْ
کریم کے بمع تمام احباب کے ۔ اے اللہ ہمیں رہنمائی فرما اپنے سر مخفی کی
سِرِّ سِرِّكَ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ مَعَ الْمُوَحِّدِيْنَ الْوَاصِلِيْنَ
اپنے مخفی ترین اسرار میں سے ساتھ موحدین و واصلین کے

وَصَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا نُقْطَةَ مَرْكَزِ جَمِيْعِ التَّجَلِّيَاتِ وَيَا عَيْنَ حَيَاةِ

اور رحمت کاملہ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ آپ پر اے تمام تجلیات کے مرکزی نقطہ اور اے حسن کے سرچشمۂ

الْحُسْنِ الَّذِي طَارَتْ مِنْهُ الرَّشَاشَاتُ فَاقْتَسَمَتْهَا بِحُكْمِ الْمَشِيْئَةِ

آبحیات جس سے چھینٹے اڑے پس ان سے حصہ وصول کیا اللہ تعالیٰ کی مشیت کے مطابق

الْإِلٰهِيَّةِ جَمِيْعُ الْمُبْدَعَاتِ وَيَا مَعْنٰى كِتَابِ الْحُسْنِ الْمُطْلَقِ الَّذِي

تمام مخلوقات نے اور اے حسن مطلق کی کتاب کے معنی و مقصود جو کہ وجود و متحقق

اِعْتَكَفَتْ فِي حَضْرَةِ جَمِيْعُ الْمَحَاسِنِ لِتَقْرَأَ حُرُوْفَ حُسْنِهِ الْمُقَيَّدَاتِ

ہے تمام محاسن کی جلوہ گاہوں میں تاکہ قراءت کریں ان کے نقوش حسن کی تمام مقیدات

وَيَا مَنْ أَرْخَيْتَ حَقَائِقَ الْكَمَالِ كُلَّهَا بِرَفْعِ الْحِجَابِ دُوْنَ الْخَلْقِ وَ

اے کہ پھیلائے تو نے کمال کے حقائق تمامتر مخلوق کے سامنے سے حجاب اٹھا کر اور

أَجْمَعْتَ أَنْ لَّا تَنْظُرَ لِغَيْرِهِ إِلَّا بِهِ مِنْ جَمِيْعِ الْمُكَوَّنَاتِ وَيَا مَصَبَّ

پختہ عزم کر رکھا ہے تو نے کہ نہ نظر کرے طرف ماسوا کے تمام مخلوقات سے مگر ساتھ اسی کے اور اے

يَنَابِيْعِ ثَجَّاجِ الْأَنْوَارِ السُّبْحَانِيَّاتِ الشَّعْشَعَانِيَّاتِ وَيَا مَنْ

جگہ گرنے تمام چمکیلے انوار سبحانیہ کے موجیں مارنے چشموں کی اور اے کہ

تَعَشَّقَتْ بِكَمَالِهِ جَمِيْعُ الْمَحَاسِنِ الْإِلٰهِيَّاتِ وَيَا قُوْتَةَ الْأَزَلِ

عاشق ہو چکے ہیں ان کے کمال پر تمامتر محاسن الٰہیہ اور اے ازلی یاقوت

يَا مَقْنَاطِيْسَ الْكَمَالَاتِ قَدْ أَيِسَتِ الْعُقُوْلُ وَالْفُهُوْمُ وَالْأَلْسُنُ

اے کمالات کے مقناطیس تحقیق مایوس و ناامید ہو چکے تمام عقل و فہم اور زبانیں

وَجَمِيْعُ الْإِدْرَاكَاتِ أَنْ تَقْرَأَ رُقُوْمَ مَسْطُوْرِ كُنْهِيَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

اور تمام اقسام ادراک کے کہ پڑھ سکیں محمدی حقائق کے لکھے ہوئے نقوش کو

أَوْ تَصِلَ إِلٰى حَقِيْقَةِ مَكْنُوْنَاتِ عُلُوْمِكَ اللَّدُنِّيَّاتِ وَكَيْفَ لَا

یا پہنچ سکیں تمہارے علوم لدنیہ کے مکنون و مستور حقائق تک اور کیونکر اس طرح نہ ہو

يَا رَسُوْلَ اللهِ وَمِنْ لَّوْحٍ مَّحْفُوْظٍ كُنْهِكَ قَرَأَ الْمُقَرَّبُوْنَ كُلُّهُمْ

اے رسول اللہ جبکہ تمہاری حقیقت و کنہ کی لوح محفوظ سے ہی پڑھا ہے تمام مقربین نے

حَقِيْقَةَ تَجَلِّيَاتِكَ صَلَّى اللهُ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْبَرَايَا يَا مَنْ

آپ کی تجلیات کی حقیقت کو۔ رحمت کاملہ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ آپ پر اے تمام مخلوقات کی زینت اور

لَوْلَا هُوَ لَمْ تَظْهَرْ لِلْعَالَمِ عَيْنٌ مِّنَ الْخَفِيَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے کہ اگر وہ موجود نہ ہوتے تو نہ ظہور پذیر ہوتا جہان کا کوئی فرد پردہ ہائے عدم و خفا سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نُوْرِكَ اللَّامِعِ وَمَظْهَرِ سِرِّكَ الْهَامِعِ الَّذِي طَرَّزْتَ

ہمارے آقا محمد پر جو تیرے روشن نور ہیں اور تیرے راز کے مظہر جس کے جمال کے ساتھ مزین فرمایا تو نے

بِجَمَالِهِ الْأَكْوَانَ وَزَيَّنْتَ بِبَهْجَةِ جَلَالِهِ الْأَوَانَ الَّذِي فَتَحْتَ

تمام جہانوں کو اور مزین کیا ان کے جلال کی رونق کے ساتھ تمام زمانوں کو۔ جن کے نور حقیقت سے

ظُهُوْرَ الْعَالَمِ مِنْ نُّوْرِ حَقِيْقَتِهِ وَخَتَمْتَ كَمَالَهُ بِأَسْرَارِ نُبُوَّتِهِ

آغاز کیا تو نے ظہور عالم کا اور سربمہر کیا ان کے کمال کو اسرار نبوت کے ساتھ

فَظَهَرَتْ صُوَرُ الْحُسْنِ مِنْ فَيْضِهِ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ وَلَوْلَا هُوَ

پس ظاہر ہوئیں حسن کی صورتیں ان کے فیض سے احسن انداز میں اور اگر وہ نہ ہوتے

مَا ظَهَرَتْ لِصُوْرَةٍ عَيْنٌ مِّنَ الْعَدَمِ الرَّمِيْمِ الَّذِي مَا اسْتَغَاثَكَ

تو نہ ظاہر ہوتا کسی صورت کا جوہر شخص بوسیدہ عدم سے۔ وہ کہ جس بھوکے نے بھی ان کے ساتھ تجھ سے توسل کیا

بِهِ جَائِعٌ إِلَّا شَبِعَ وَلَا ظَمْآنُ إِلَّا رُوِيَ وَلَا خَائِفٌ إِلَّا أَمِنَ وَلَا لَهْفَانُ

تو وہ سیر ہو گیا اور جس پیاسے نے تو وہ سیراب ہو گیا اور نہ خوفزدہ نے گھر امن میں ہو گیا اور نہ افسوس والے نے

إِلَّا أُغِيْثَ وَإِنِّي لَهْفَانُ مُسْتَغِيْثُكَ أَسْتَمْطِرُ رَحْمَتَكَ الْوَاسِعَةَ

مگر اس کی امداد کی گئی اور میں افسوس زدہ ہوں۔ فریادی ہوں طلب کرتا ہوں تیری وسیع رحمت کی بارش

مِنْ خَزَائِنِ جُوْدِكَ فَأَغِثْنِيْ يَا رَحْمٰنُ يَا مَنْ إِذَا نَظَرَ بِعَيْنِ حِلْمِهِ

تیرے جود و نوال کے خزانوں سے پس میری فریاد کو پہنچ اے رحمٰن۔ اے کہ اگر نظر فرمائے اپنے تحمل اور عفو کی

وَعَفْوِهٖ لَمْ يَظْهَرْ فِيْ جَنْبِ كِبْرِيَاءِ حِلْمِهٖ وَعَظَمَةِ عَفْوِهٖ ذَنْبٌ

نگاہ سے تو نہ ظاہر ہو اس کے تحمل کی بڑائی اور عفو کی عظمت کے پہلو میں کوئی گناہ پس مغفرت فرما میرے لیے

فَاغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عَيْنِ بَحْرِ

اور مجھ پر نظر رحمت فرما اور مجھ سے در گزر فرمادے کریم ۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما حقائق وجودیہ

الْحَقَائِقِ الْوُجُوْدِيَّةِ الْمُطْلَقَةِ اللَّاهُوْتِيَّةِ وَمَنْبَعِ الدَّقَائِقِ اللَّطِيْفَةِ

مطلقہ، لاہوتیہ کے سرچشمہ پر اور دقائق لطیفہ مقیدیہ جسمانیہ کے

الْمُقَيَّدَةِ النَّاسُوْتِيَّةِ صُوْرَةِ الْجَمَالِ وَمَطْلَعِ الْجَلَالِ وَمَجْلَى الْاُلُوْهِيَّةِ

منبع پر جو جمال کی صورت اور جلال کا مطلع اور الوہیت کی جلوہ گاہ ہیں اور سربستہ

وَسِرِّ اِطْلَاقِ الْاَحَدِيَّةِ وَعَرْشِ اِسْتِوَاءِ الذَّاتِ وَوَجْهِ مَحَاسِنِ

راز ہیں احدیت مطلقہ کے اور عرش ہیں تیری ذات کے استواء و غلبہ کا اور چہرہ اور مظہر ہیں حسین

الصِّفَاتِ وَمُزِيْلِ بُرْقَعِ حِجَابِ ظُلُمَاتِ اللَّبْسِ بِطَلْعَةِ شَمْسِ

صفات کا ۔ اور زائل کرنے والے ہیں اشتباہ و التباس کی ظلمات کے حجاب و برقع کو ساتھ نفیس ترین ذات کے

حَقَائِقِ كُنْهِ ذَاتِهِ الْاَنْفَسِ عَنْ وَجْهِ تَجَلِّيَاتِ الْكَمَالِ الْاِلٰهِيِّ

حقائق کنہ و باطن کے آفتاب کی طلعت کے الوہیت کے کمال اقدس کی تجلیات کے چہرہ سے

الْاَقْدَسِ وَكِتَابٍ مَسْطُوْرٍ جَمْعِ اَحَدِيَّةِ الذَّاتِ الْحَقِّ فِيْ رَقٍّ مَنْشُوْرٍ

جو لکھی ہوئی کتاب ہیں ذات حق کی احدیت کے مرتبہ جمع کے وسیع و عریض طومار میں جو کہ ہے شئون الٰہیہ

تَجَلِّيَاتِ الشُّئُوْنِ الْاِلٰهِيَّةِ الْمُسَمّٰى بِكَثْرَةِ صُوَرِهَا بِالْخَلْقِ وَجَانِبِ

کے تجلیات کا جس کو موسوم کیا گیا ہے صورتوں کی کثرت کی وجہ سے خلق کے ساتھ اور جو جانب ایمن ہیں کوہ طور

طُوْرِ الْحَقَائِقِ الرُّوْحِيَّةِ الْاَيْمَنِ الْمُكَلَّمِ مِنْهُ مُوْسَى النَّفْسِ بِاَنَا اللّٰهُ

کی بارگاہ قدس میں واسطے حقائق روحیہ کے جس سے موسائے نفس کے ساتھ کلام کیا گیا ہے کہ میں ہی اللہ ہوں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فِيْ حَضْرَةِ الْقُدُسِ يَا كَامِلَ الذَّاتِ يَا جَمِيْلَ الصِّفَاتِ يَا

نہیں معبود برحق مگر میں ۔ اے کامل ذات والے ، اے جمیل صفات والے ۔ اے

مُنْتَهَى الْغَايَاتِ يَا نُوْرَ الْحَقِّ يَا سِرَاجَ الْعَوَالِمِ يَا مُحَمَّدُ يَا اَحْمَدُ يَا

تمام غایات کا منتہا ۔ اے نور حق ۔ اے تمام جہانوں کے روشن چراغ ۔ اے محمد ۔ اے احمد ۔ اے

اَبَا الْقَاسِمِ جَلَّ كَمَالُكَ اَنْ يُّعَبِّرَ عَنْهُ لِسَانٌ وَعَزَّ جَمَالُكَ اَنْ يَّكُوْنَ

ابوالقاسم تیرا کمال اس سے بلند تر ہے کہ اسے کوئی زبان بیان کر سکے اور آپ کا جمال عزیز و غالب ہے اس سے کہ وہ

مُدْرَكًا لِّاِنْسَانٍ وَتَعَاظَمَ جَلَالُكَ اَنْ يَّخْطُرَ فِيْ جَنَانٍ صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ

احاطہ کیا ہوا ہو کسی انسان کا اور آپ کا جلال عظیم تر ہے اس سے کہ کھٹکے کسی دل میں ۔ صلواۃ و سلام نازل فرمائے اللہ سبحانہ

وَتَعَالٰى عَلَيْكَ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَا مَجْلَى الْكَمَالَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ

و تعالیٰ آپ پر یارسول اللہ ۔ اے کمالات الٰہیہ کی عظیم تر جلوہ گاہ

الْاَعْظَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سُلْطَانِ حَضَرَاتِ الذَّاتِ مَالِكِ اَزِمَّةِ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما اپنی ذات والا کی بارگاہوں کے سلطان

تَجَلِّيَاتِ الصِّفَاتِ وَقُطْبِ رَحَى عَوَالِمِ الْاُلُوْهِيَّةِ وَكَثِيْبِ الرُّؤْيَةِ

پر ۔ تجلیات صفات کی لگاموں کے مالک پر ۔ الوہیت کے جہانوں کی چکی کے قطب و مرکز پر اور اپنی رؤیت

يَوْمَ الدَّوْرِ الْاَعْظَمِ فِيْ مَشَاهِدِكَ الْجَنَانِيَّةِ وَجِبَالِ مَوْجِ بِحَارِ

کے طور ٹیلے پر دور اعظم میں اپنی قلبی مشاہد و جلوہ گاہوں میں اور ذات احدیہ کے سمندروں کی

الذَّاتِ الْاَحَدِيَّةِ وَطِلَسْمِ كُنُوْزِ الْمَعَارِفِ الْاِلٰهِيَّاتِ الذَّاتِيَّاتِ وَ

پہاڑوں جیسی موج اور لہر پر الوہیات کے معارف ذاتیہ کے خزائن کے (محافظ) طلسم پر اور مخلوقات کے صفات احاطیہ کے

سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى الْاِحَاطِيَّاتِ الْخَلْقِيَّاتِ الصِّفَاتِيَّاتِ وَبَيْتِ مَعْمُوْرِ

سدرۃ المنتہیٰ پر باری تعالیٰ کی کنہ و حقیقت کی تجلیات ذاتیہ کے بیت معمور پر

التَّجَلِّيَاتِ الْكُنْهِيَّاتِ الذَّاتِيَّاتِ وَسَقْفِ مَرْفُوْعِ الْكَمَالَاتِ الْاَسْمَائِيَّةِ

کمالات اسمائیہ کی بلند و بالا چھت پر ۔ علوم لدنیہ کے اُبلتے سمندر پر

وَبَحْرٍ مَسْجُوْرِ الْعُلُوْمِ اللَّدُنِّيَّاتِ وَحَوْضِ الْاُلُوْهِيَّةِ الْاَعْظَمِ الْمُمِدِّ لِبِحَارِ

الوہیت و وجوب کے عظیم تر حوض پر جو معاون و ممد ہے صورتہائے عالم کی

اموا ج صور الکون الظاهرة من فیوض حقائق انفاسه و قلم

امواج کے سمندروں کے لیے جو صورتیں ظہور پذیر ہوتے والی ہیں ان کے انفاس حقائق کے فیوض سے اور

القدرة الالهية العظموية والکاتب فی لوح نفسه ما کان وما یکون

عظیم تر قدرت الٰہیہ کے قلم پر اور اپنے لوح نفس میں لکھنے والے پر جو کچھ ہو چکا اور جو ہو گا

من محاسن مبدعات العالم وتقلباته وجمال کل صورة الهية وسر

جہان کے ایجادات کے محاسن اور تغیرات سے اور ہر صورت الٰہیہ کے جمال مجسم پر اور اس کے سر

حقیقتها غیبا وشهادة وجلال کل معنی کمالی بداء ایای اللهم انی

حقیقت پر ازروئے غیب وشہادت کے اور ہر معنیٰ کمال افتتاحی کے جلال مجسم پر۔ اے اللہ میں

اسئلک سرا من سرک ونورا من نورک وروحا من امرک یورثنی

تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے رازوں میں سے ایک راز کا اور مخصوص انوار میں سے نور کا اور تیرے عالم امر سے روح کا جو مجھے

السکون لمقدورک ووفقنی بتوفیق منک یوقظنی من غفلتی و

وارث بنائے سکون وقرار کا تیرے مقدر امر پر اور مجھے خاص توفیق مہیا فرما جو مجھے غفلت سے جگائے اور

یعلمنی جهلی ویوضح الیک طریقی ویکون فی النجعة والرجعة

علم سے بدل دے میرے جہل کو اور واضح کرے میرے لیے راستہ کو اور میری رفیق ہو آغاز و ابتداء میں اور باز گشت میں

رفیقی فیک اجتهادی وعلیک اعتمادی والیک مرجعی وبین

تیرے لیے ہی میری سعی ہے اور تجھی پر میرا اعتماد ہے اور تیری طرف ہی میری باز گشت ہے اور تیرے سامنے اور

یدیک مصرعی تعلم حقیقة امری وسؤلی لدیک سری وجهری

روبرو ہے میری ہلاکت وفنا۔ تو جانتا ہے میرے معاملہ کی حقیقت اور میرا مطلوب۔ تیرے سامنے ہے میرا اندرون اور بیرون۔

تعالیت عن سمات المحدثات وتنزهت من النقائص والاٰفات

تو بلند تر ہے محدثات کے علامات ونشانات سے اور تو منزہ ہے نقائص اور آفات سے

وتقدس علمک عن معارضة الشهوات الٰهی اسئلک توبة تمحو

اور پاک ہے تیرا علم خواہشات کے معارضہ ورکاوٹ سے۔ اے میرے الٰہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسی توبہ کا کہ جس کے طفیل

بها زللی وتثقل بها عملی وتصلح بها ظاهری وتطهر بها باطنی

مٹائے میری لغزش کو اور وزنی بنائے میرے عمل کو اور درست فرمائے میرے ظاہر کو اور پاک فرمائے میرے باطن کو

وتجمع بها شملی وتقدس بها سری وتیسر بها تقدیسی وتزکی

اور جمعیت بخشے میرے پراگندہ امور کو اور پاک فرمائے میرے باطن کو اور آسان فرمائے بطفیل اس کے میری تطہیر اور پاک کرے

بها نفسی وتطهرنی بها من رجسی وهب لی نورا منک امشی به فی

میرے نفس کو اور پاک فرمائے مجھے ہر پلیدی سے اور مجھے عطا فرما اپنا خاص نور کہ اس کے ساتھ میں لوگوں میں

الناس اللهم صلنی باسمک العظیم الذی لا یضر مع الذنوب شیئا و

روشنی پھیلاتا رہوں۔ اے اللہ مجھے وصل بخش اپنے عظیم اسم کے ساتھ کہ ضرر نہیں دیتے گناہ اس کے ساتھ ذرہ بھر اور

اجعل لی منه وجها تقضی به حوائج القلب والعقل والروح والشوق

مجھے بطفیل اس کے ایسی وجاہت عطا فرما کہ پورے فرمائے بسبب اس کے تمام حاجات میرے قلب وعقل کے اور روح وشوق

والنفس والبدن وادرج اسمائی تحت اسمائک وصفاتی تحت

کے اور نفس و بدن کے اور مندرج فرما میرے اسماء کو اپنے اسماء میں اور میری صفات کو اپنی

صفاتک وافعالی تحت افعالک الی درج السلامة عن

صفات میں اور میرے افعال کو اپنے افعال میں انہیں لے جاتے ہوئے طرف راہِ سلامت کے

الاسقاط والندامة وتنزل الکرامة وظهور الامامة وکن لی

گرائے جانے اور ندامت اٹھانے سے بمع نزول کرامت اور ظہور امامت کے اور تو میرا مددگار ہو ان

فیما ابتلیت به من ائمة الهدی من علمک وامتنی حتی تفنی

امور میں کہ آزمایا ان کے ساتھ ائمہ ہدیٰ کو اپنے علم سے۔ اور مجھے اختیاری موت دے حتیٰ کہ فنا کر دے

بی من شئت واحینی حتی تحیی بی من شئت من عبادک واجعلنی

میرے ذریعے جس کو چاہے اور عطا فرما مجھے ایسی زندگی کہ زندہ کر دے میرے ذریعے جس کو چاہے اپنے بندوں میں سے اور بنا دے

خزانة الاربعین ومن خاصة المتقین واغفرلی فانه لا ینالهٗ

مجھے خزانہ چلہ کشتیوں کا اور خاص متقیوں سے اور مجھے بخش دے کیونکہ مغفرت وبخشش کو نہیں پاتے

الظَّالِمُوْنَ يَآ اَللّٰهُ اِفْتَحْ قَلْبِيْ بِنُوْرِكَ وَعَلِّمْنِيْ مِنْ عِلْمِكَ وَاحْفَظْنِيْ

اہل ظلم ۔ اے اللہ میرا دل اپنے نور کے ساتھ کشادہ فرما اور مجھے عطا فرما اپنے مخصوص علم سے اور مجھے محفوظ فرما

بِحِفْظِكَ وَاَسْمِعْنِيْ وَفَهِّمْنِيْ عِلْمَكَ وَبَصِّرْنِيْ بِكَ وَسَبِّبْ لِيْ سَبَبًا

اپنی حفاظت خاصہ کے ساتھ اور مجھے سنا اور سمجھا اپنا علم ۔ اور مجھے صاحب بصیرت بنا اپنے متعلق اور مہیا فرما میرے سبب

مِّنْ فَضْلِكَ تُغْنِيْنِيْ بِهٖ مِنَ الْفَقْرِ وَتُعِزُّنِيْ بِهٖ مِنَ الذُّلِّ وَتُصْلِحُ

اپنے فضل سے جس کے ذریعے بے پرواکرے مجھے فقر سے اور عزت دے مجھے حقارت سے اور میری اصلاح فرمائے

لِيْ بِهِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ وَتَصِلُنِيْ بِهٖٓ اِلٰى نَظَرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ فِيْ جَنَّةِ

بسبب اس کے دنیا و آخرت میں اور واصل فرمائے بسبب اس کے اپنی ذات کریمہ کے دیدار تک جنت

النَّعِيْمِ ثُمَّ اَسْئَلُكَ بِقَيُّوْمِيَّتِكَ اَنْ تُقِيْمَنِيْٓ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِحَيَاتِكَ

نعیم میں پھر سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیری قیومیت کے کہ مجھے قائم فرمائے اپنی طرف اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

حَيَاةَ الْقَلْبِ وَسَلَامَتَهٗ كَذٰلِكَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَفِيْ مَا

تیری حیات کے طفیل قلبی حیات کا اور اسی طرح اس کی سلامتی کا دین و دنیا اور آخرت میں اور ان

بَيْنَهُمَا وَاحْفَظْ عَلٰى جَمِيْعِ ذٰلِكَ يَا مَنْ لَّا يَئُوْدُهٗ شَيْءٌ مِّنْ حِفْظِهٖ يَا عَلِيُّ

دونوں کے درمیان یعنی برزخ میں اور محافظت فرما ان تمام امور میں اے کہ جسے نہیں تھکاتی کوئی شئی حفاظت کرنے سے اے بزرگتر

اِلٰٓى اَنْ اَلْقَاكَ وَاَنْتَ عَنِّيْ رَاضٍ يَآ اَللّٰهُ عَلٰٓى اَحْسَنِ حَالٍ مِّنْكَ وَاَنْعَمِ

یہاں تک کہ میں تجھ سے ملاقات کروں اس حال میں کہ تو مجھ سے راضی ہو اے اللہ حسین ترین حالت میں اور خوش دلی کی

بَالٍ بِلَا مِحْنَةٍ وَلَا عُقُوْبَةٍ فِي الدِّيْنِ وَلَا فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْوَلَدِ وَلَا فِي

کیفیت میں بغیر کسی محنت اور عقوبت کے دین و دنیا میں اور نہ اولاد و مال میں اور

الْمَالِ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا

نہ آخرت میں بطفیل اپنی رحمت کے اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ ہمیں محفوظ فرما

يَا ذَا الذَّاتِ الْكَرِيْمَةِ وَالْاَسْمَآءِ الْعَظِيْمَةِ اَسْئَلُكَ رِزْقًا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ

اے کریم ذات والے اے عظیم اسماء والے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسے رزق کا جو غالب ہو مغلوب نہ ہو

طَالِبًا غَيْرَ مَطْلُوْبٍ بِاَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

اور طالب نہ ہو بطفیل اپنے اس قول کے "تو نے ان پر انعام فرمایا نہ ان کا جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا

اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ

آمین ۔ اے اللہ اگر میرا رزق آسمان میں ہے تو اس کو اتار اور زمین ہے تو اس کو نکال

فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ

اور اگر دور ہے تو اسے قریب فرما اور قریب ہے تو آسان فرما اور معدوم ہے تو

مَعْدُوْمًا فَاَوْجِدْهُ وَاِنْ كَانَ مَمْنُوْعًا فَاَثْبِتْهُ وَاِنْ كَانَ قَلِيْلًا

موجود فرما اور محال و ممتنع ہے تو اسے ثابت و محقق فرما اور قلیل ہے

